Ministry of Poverty Alleviation and Social Safety
Government of Pakistan

بلاسود قرض

PPAF
پی پی اے ایف

بلاسود قرض پروگرام

(اکثر پوچھے جانے والے سوالات اور ان کے جوابات)

س 1۔ بلاسود قرض کن لوگوں کے لیے شروع کیا گیا ہے؟

ج۔ بلاسود قرض پروگرام غریب لوگوں کے لیے شروع کیا گیا ہے تاکہ وہ قرض لے کر اپنا کاروبار شروع کرسکیں اوراپنی آمدنی میں اضافہ کر کے اپنی زندگی میں خوشحالی لا سکیں۔

س 2۔ بلاسود قرض کس ادارے کے تحت دیا جارہا ہے؟

ج۔ بلاسود قرض کا اجراء پاکستان پاور ٹی ایلیویشن فنڈ اپنے شراکتی اداروں کے ذریعے قائم کردہ قرض مراکزکے ذریعے کررہاہے۔

س 3۔ بلاسود قرض کو کیسے استعمال کرنا چاہیئے؟

ج۔ قرض کی رقم سے آپ کوئی باعزت، منافع بخش کاروبارشروع کرکے روزگار کماسکتے ہیں۔

س 4۔ بلاسود قرض کون سے اضلاع میں دیا جارہا ہے؟

ج۔ بلاسود قرض پاکستان بھرمیں 100سے زائد اضلاع میں دیا جارہا ہے۔ اضلاع کی فہرست (https://www.ppaf.org.pk/NPGI-ur.html) پر موجود ہے۔

س 5۔ بلاسود قرضوں کی حد کیا ہے؟

ج۔ بلاسود قرضوں کی حد 75,000 روپے تک ہے۔

س 6۔ مجھے اپنے کاروبار کے لیے بلاسود قرض پروگرام میں دی گئی حد سے زیادہ قرض درکار ہے، اس کے لیے میری کیا مدد کی جاسکتی ہے؟

ج۔ بلاسود قرض پروگرام میں زیادہ سے زیادہ رقم کی حد متعین ہے جو 75,000 روپے ہے۔ اس سے زیادہ قرض کے خواہشمند حکومت کی دوسری سکیموں سے مستفید ہوسکتے ہیں۔

س 7۔ میں ایک سرکاری ملازم ہوں، کیا مجھے بلاسود قرض مل سکتا ہے؟

ج ۔ کوئی بھی سرکاری ملازم بلاسود قرض حاصل کرنے کا اہل نہیں ہے۔

س 8۔ کیا مجھے 10,000 کا قرض مل سکتا ہے؟

ج۔ جی ہاں، آپ کو 1,000 سے لے کر 75,000 تک قرض مل سکتا ہے۔

س 9۔ قرض حاصل کرنے کی شرائط کیا ہیں؟

ج۔ بلاسودقرض حاصل کرنے کی شرائط درج ذیل ہیں:

۔ 18سے 60 سال تک کی عمر کے پاکستانی شہری
۔ قومی شناختی کارڈ رکھنے والے افراد
۔ بلاسودقرض پروگرام کے تحت اضلاع کا رہائشی
۔ درخواست گزار کے گھرانے کا غربت کی درجہ بندی پر سکور 0 سے 40
۔قابل عمل کاروباری منصوبے کی سمجھ بوجھ

س 10۔ پاورٹی سکور کیسے معلوم کیا جاسکتا ہے؟

ج۔ اپنے قریبی قرض مرکز کے اہلکار سے ملیے، وہ آپ سے پوچھے جانے والے سوالات کے جوابات کی روشنی میں آپ کا پاورٹی سکور معلوم کرنے میں مدد کرے گا۔

س 11۔ بلاسودقرض حاصل کرنے کے لیے سب سے پہلا مرحلہ کیا ہے؟

ج ۔ اپنے ضلع میں بلاسودقرض مرکز میں جا کر درخواست جمع کرائیں ۔ وہاں موجود قرض مرکز کے اہلکار سے ملیے جو آپ کو دیگر تفصیلات سے آگاہ کرے گا۔

س 12۔ یہ جاننے کے لیے کہ میرے ضلع میں بلاسودقرض پروگرام چل رہا ہے یانہیں، مجھے کیا کرنا ہوگا؟

ج۔ آپ PPAF کی ویب سائیٹ https://www.ppaf.org.pk/NPGI-ur.html پر دی گئی اضلاع اور قرض مراکز کی فہرست سے یہ معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

س 13۔ بلاسودقرضے کی واپسی کس طرح کی جاتی ہے؟

ج۔ بلاسودقرض کی واپسی درج ذیل طریقے سے کی جاسکتی ہے:
۔ بلاسودقرض ایک سال کی مدت میں واپس کرنا ہوتا ہے
۔ بلاسودقرض ماہانہ، سہ ماہی یا ششماہی بنیاد پر واپس کیا جا سکتا ہے
۔ قرض کی کل رقم کی یک مشت واپسی اس مدت کے دوران کسی بھی وقت کی جا سکتی ہے

س 14۔ بلاسودقرض سے کس عمر کے لوگ مستفید ہو سکتے ہیں؟

ج ۔ اس پروگرام سے 60-18 سال تک کے پاکستانی شہری جن کے پاس قومی شناختی کارڈ ہے، مستفید ہو سکتے ہیں۔

س 15۔ کیا میں بلاسودقرض ایک سے زائد بار لے سکتی /سکتا ہوں؟

ج ۔ بلاسودقرض کی تمام قسطیں واپس کر کے بلاسودقرض کے لیے دوبارہ درخواست دی جاسکتی ہے۔

س 16۔ بلاسودقرض کتنے عرصے میں واپس کرنا ہوتا ہے؟
ج ۔ بلاسودقرض کی رقم زیادہ سے زیادہ ایک سال یعنی 12 ماہ کے اندرواپس کرنی ہوتی ہے۔

س 17۔ بلاسودقرض کے بارے میں مزید معلومات کیسے حاصل کی جاسکتی ہیں؟

جواب: آپ PPAF کی ویب سائیٹ https://www.ppaf.org.pk/NPGI-ur.html پر جائیں